چھوٹ کا معاہدہ - سیکشن 32 WCL

NEW YORK STATE | Workers' Compensation Board

ہدایات کے صفحے پر اہم معلومات دیکھیں

WCB کیس نمبر (نمبرز)	حادثے کی تاریخ (تاریخیں)	مدعی کا نام (براہ مہربانی واضح لکھیں)	مدعی کا ٹیلیفون (ایریا کوڈ)
مدعی کا پتہ (براہ مہربانی واضح لکھیں)			
کیریئر کا کیس نمبر (نمبرز)	کیریئر کا کوڈ (کوڈز)		

آجر (براہ مہربانی واضح لکھیں)	کیریئر (کیریئرز) (براہ مہربانی واضح لکھیں)

☐ میڈیکل کھلا رہے گا

☐ ٹیلیفون کے ذریعے حاضری کی درخواست (اگر سماعت درکار ہو)

ٹیلیفون کے ذریعے سماعت کے لیے رابطہ نمبر (ایریا کوڈ شامل کریں): _____

☐ ترجمان درکار ہے

درکار ترجمان کی قسم اور زبان: _____

دلچسپی رکھنے والے دیگر فریقین (اگر اضافی فریقین دستخط کر رہے ہیں تو نشاندہی کریں):

☐ اضافی کیریئر (کیریئرز) بشمول DB کیریئر: _____

☐ عدم بیمہ شدہ آجر کا فنڈ

☐ موت کے دعوے کا بینیفیشری

☐ نا بالغ کے دعوے میں سرپرست

☐ خصوصی فنڈز

☐ چھوٹ کے معاہدے کے نظم کا دفتر (Waiver Agreement Management Office, WAMO)

سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدے کی شرائط [براہ مہربانی نشاندہی کریں کہ کیا چھوٹ کا معاہدہ دعوی (دعووں) میں موجود تمام یا کچھ مسائل کو حل کرتا ہے]:

☐ WCB کے مذکورہ بالا کیس نمبر (نمبرز) میں نشاندہی کردہ دعوی (دعووں) میں موجود تمام مسائل اور معاملات کو حل کرتا ہے۔

☐ WCB کے مذکورہ بالا کیس نمبر (نمبرز) میں نشاندہی کردہ دعوی (دعووں) میں موجود کچھ مسائل اور معاملات کو حل کرتا ہے، مگر تمام کو نہیں۔

لینز (براہ مہربانی مناسب خانے کو نشان زد کریں اور وہ صفحہ نمبر بتائیں جہاں مسئلے سے نمٹا گیا ہے):

☐ بچوں کی اسپورٹ کا لین - دیکھیں صفحہ (صفحات): _____ (دائرہ اختیار سے معاون دستاویز درکار ہے)

☐ معذوری کے فوائد لین - دیکھیں صفحہ (صفحات): _____

بچوں کی اسپورٹ کے بقایا جات (ایک منتخب کریں):

☐ مدعی کے ذمے بچے کی اسپورٹ کی واجب الادا ذمہ داریاں نہیں ہیں (بقایہ جات)۔

☐ مدعی کے ذمے بچوں کی اسپورٹ کے بقایہ جات واجب الادا ہیں جو معاہدے کی کارروائی سے مکمل طور پر ادا کیے جائیں گے۔ کیریئر بچے کی اسپورٹ کے بقایہ جات ادا کرنے کے لیے براہ راست متعلقہ وصول کنندہ کو فنڈز کی ادائیگی کرے گا۔

☐ مدعی نے بچے کی اسپورٹ کے بقایہ جات دینے ہیں جو معاہدے کی رو سے مدعی کو ادا کرنے کی رقم سے متجاوز ہیں۔ تصفیے کی مدعی کو واجب الادا مکمل رقم کیریئر کی طرف سے موزوں وصول کنندہ کو دی جائے گی تاکہ مدعی کے ذمے واجب الادا بچے کی اسپورٹ کے بقایہ جات کو جزوی طور پر ادا کیا جا سکے۔

میڈیکل (براہ مہربانی مناسب خانے کو نشان زد کریں اور وہ صفحہ نمبر بتائیں جہاں مسئلے سے نمٹا گیا ہے):

☐ اگر میڈیکل کھلا ہو - دیکھیں صفحہ (صفحات): _____

☐ CMS خط درکار ہے - دیکھیں صفحہ (صفحات): _____ (CMS سے معاون دستاویز درکار ہے)

☐ WTCHP خط درکار ہے - دیکھیں صفحہ (صفحات): _____ (WTCHP منتظم سے معاون دستاویزات درکار ہیں)

☐ فراہم کردہ ***علاج کے لیے بل کی ادائیگی پر اعتراض کا زیر التوا نوٹس (فارم C-8.1B)*** اعتراض (اعتراضات) - دیکھیں صفحہ (صفحات): _____

بقایہ طبی بلوں کا حل (اگر اس سیکشن میں اور WCL سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدے میں تضاد ہوتا ہے تو اس سیکشن کو فوقیت حاصل ہو گی)۔

طبی علاج کی ذمہ داری سے متعلق تمام مسائل WCL سیکشن 32 کے کسی ایسے معاہدے میں حل کیے جانے چاہئیں جو طبی علاج کی چھوٹ دیتا ہے۔

اس معاہدے کے حل کردہ معاملات میں، علاج کی متعین شدہ جگہوں کے تمام طبی بلز درج ذیل سے پہلے ادا کیے گئے (ایک کو منتخب کریں):

☐ مخصوص تاریخ از _____

☐ فیصلہ دائر کرنے کی تاریخ (منظوری کا نوٹس-سیکشن 32 چھوٹ کا معاہدہ [EC-32.3] یا منظوری کا مجوزہ نوٹس-سیکشن 32 چھوٹ کا معاہدہ [PD-32]) جس نے WCL سیکشن 32 کا معاہدہ منظور کیا ہو

☐ WCL سیکشن 32 کی سماعت کی تاریخ، یا وہ تاریخ جب منظوری کا مجوزہ نوٹس–سیکشن 32 چھوٹ کا معاہدہ (PD-32 ڈیسک) حتمی ہو جاتا ہے

☐ مخصوص واقعہ از _____

(ایک منتخب کریں):

☐ کیریئر کی ذمہ داری ہونی چاہیے

☐ کیریئر کی ذمہ داری نہیں ہونی چاہیے

سوائے تب جب اس معاہدے میں بطورِ خاص بصورتِ دیگر بتایا گیا ہو:

معاوضہ (براہ مہربانی مناسب خانے کو نشان زد کریں اور وہ صفحہ نمبر بتائیں جہاں مسئلے سے نمٹا گیا ہے):

☐ جاری ادائیگیوں کی معطلی - دیکھیں صفحہ (صفحات): _____

☐ دوبارہ بیمے کا معاہدہ - دیکھیں صفحہ (صفحات): _____

☐ اہل اسائنمنٹ - دیکھیں صفحہ (صفحات):_____ (دستاویزات درکار ہیں)

دیگر:

☐ بورڈ کے پاس زیر التوا اپیل سے دستبردار ہو گئے - دیکھیں صفحہ (صفحات): _____؛ یا اگر ای کیس (eCase) میں ہیں، تو دستاویز ID# _____

☐ مذکورہ بالا فہرست میں ذکر نہ کردہ ان مسائل کو درج کریں جن کے بارے میں آپ چاہیں گے کہ بورڈ غور کرے اور اس صفحے (صفحات) کی نشاندہی کریں جہاں مسئلے سے نمٹا گیا ہے:

کارکنان کے معاوضے کے قانون کے سیکشن 32 کی رو سے یہ معاہدہ تیار اور جمع کرایا گیا ہے۔ نیچے دستخط کر کے، معاہدے کا ہر فریق تصدیق کرتا ہے کہ اس نے اس کی دفعات کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے اور سمجھتا ہے کہ معاہدہ، اگر کارکنان کے معاوضے کے بورڈ کی طرف سے منظور کیا گیا ہو، تو یہ جامع، حتمی اور شامل شدہ تمام فریقین کو پابند کرنے والا ہو گا۔ بورڈ اپنی صوابدید پر ڈیسک کے جانزے کے ذریعے معاہدے کو منظور کر سکتا ہے۔ بصورتِ دیگر، تمام دستخط کرنے والوں کو ڈیسک کے جانزے پر لازمی رضامند ہونا ہو گا۔

زیر دستخطی بذریعہ ہٰذا اپنی مرضی سے رضامندی ظاہر کرتا/کرتی ہے کہ وہ مذکورہ بالا دفعات کے تابع رہے گا/گی اور اس معاہدے کی نقل کے وصول ہونے کو تسلیم کرتا/کرتی ہے۔

مدعی (براہ مہربانی واضح لکھیں)	مدعی کے دستخط ☐ ڈیسک کے جانزے کی رضامندی	تاریخ
کیریئر یا ذاتی بیمہ شدہ آجر (براہ مہربانی واضح لکھیں)	کیریئر یا ذاتی بیمہ شدہ آجر کے دستخط ☐ ڈیسک کے جانزے کی رضامندی	تاریخ
مدعی کا اٹارنی، خصوصی فنڈز یا دیگر (براہ مہربانی واضح لکھیں)	مدعی کا اٹارنی، خصوصی فنڈز یا دیگر کے دستخط ☐ ڈیسک کے جانزے کی رضامندی	تاریخ

چھوٹ کے معاہدے کے سیکشن 32 کو مکمل کرنے کی ہدایات

یہ مدعی یا مدعی کے قانونی نمائندے کا فریضہ ہے کہ وہ مدعی کا علاج کرنے والے تمام طبی علاج فراہم کنندگان کو اطلاع دے کہ WCL سیکشن 32 چھوٹ کا معاہدہ شروع کیا جا چکا ہے۔ یہ افشا WCL سیکشن 110-a(2)(h) کے مطابق ہے اور WCL سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدے کے تحت حل کردہ کیسز میں متعین شدہ جگہوں کے لیے طبی علاج کی خاطر بقایہ بلوں کو تیزی سے فائل کرنے میں سہولت دے گا۔

فریقین سے ان ہدایات پر عمل کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔ ان ہدایات پر عمل کرنے اور ضروری دستاویزات ہمراہ فراہم کرنے میں ناکامی کے نتیجے میں سیکشن 32 معاہدے کے تصفیے میں تاخیر ہو سکتی ہے۔ سیکشن 32 معاہدے کے تصفیے کے عمل کو تیز کرنے کے لیے، یہ دستاویز بورڈ کے دعوی یونٹ (Board's Claims Unit)کو ای میل کی جانی چاہیے (wcbclaimsfiling@wcb.ny.gov) یا بورڈ کے مرکزی ڈاک کے پتے (PO Box 5205, Binghamton, NY 13902-5205) پر ضروری دستاویزات کے ہمراہ ڈاک کے ذریعے بھیجی جانی چاہیے۔ سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدوں کے حوالے سے اضافی رہنمائی کے لیے، براہ مہربانی WCL سیکشن 32 اور 12 NYCRR 300.36 نیز بورڈ کے سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدوں کی رہنمائی یہاں ملاحظہ کریں: www.wcb.ny.gov/Section32/section32_waiver-agreements-guidance.jsp

1. **فارم:** صاف لکھائی والا ***فارم C-32*** جمع کرائیں۔ معاہدے کی شرائط واحد علیحدہ منسلکہ میں ہونی چاہئیں۔ اگر معاہدے میں ترمیم کی ضرورت پڑتی ہے تو براہ مہربانی ضمیمے کی بجائے تبدیلیوں پر مشتمل ایک نیا ترمیم شدہ معاہدہ جمع کرائیں۔ سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدے میں شامل کسی بھی دعوے کو بورڈ کی طرف سے جمع اور ایک کیس نمبر تفویض کیا جانا چاہیے۔ معاہدے میں شامل ہر دعوے کے ساتھ سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدے کی ایک نقل جمع کرائی جانی چاہیے۔

2. **صفحہ نمبرز:** درج ذیل کے مطابق دستاویز کے صفحوں کو نمبر دیں: صفحہ 1 کُل 4، صفحہ 2 کُل 4 وغیرہ (اپنی جمع کرائی ہوئی دستاویزات میں ہدایات یا خالی صفحے شامل نہ کریں۔)

3. **دستخط کنندگان:** جمع کرانے سے پہلے مفاد رکھنے والے سارے فریقین کو شامل کریں، بشمول نا بالغ مدعیان کا سرپرست، اگر کوئی ہو، ***فارم C-32*** اور سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدے کے آخری صفحے پر دستخط کریں اور تاریخ درج کریں۔ خصوصی فنڈز یا چھوٹ کے معاہدے کے نظم کے دفتر (Waiver Agreement Management Office, WAMO) کو بھی ***فارم C-32*** پر دستخط کرنے چاہئیں اور تاریخ درج کرنی چاہیے اگر WCL §§ 14(6) یا 15(8) کیس (کیسز) پر قابلِ اطلاق پائے جاتے ہیں۔ خصوصی فنڈز کو ***فارم C-32*** پر دستخط کرنے چاہئیں اور تاریخ درج کرنی چاہیے اگر 25-a کیس (کیسز) پر قابلِ اطلاق پایا جاتا ہے۔ اگر سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدے میں معذوری کے وظائف کے لین کو مخاطب کیا جاتا ہے تو معذوری کے وظائف کے کیریئر کو دستخط کرنے چاہئیں۔

4. **ضروری دفعات:** اس/ان مسئلے (مسائل) کے حل کے بارے میں بات کریں، اگر معاہدے کے وقت بورڈ کے سامنے کوئی مسئلہ اٹھایا گیا ہے یا زیر التوا ہے:

- متنازعہ طبی بلز ***(فراہم کردہ علاج کے لیے بل کی ادائیگی پر اعتراض کا نوٹس [فارم C-8.1B])***
- نا بالغ کی اجرت کی توقع
- عارضی شرحیں
- اٹارنی کی تنخواہ کے لیے زیر التوا درخواستیں ***(مدعی کے اٹارنی یا لائسنس یافتہ نمائندے کی فیس کے لیے درخواست [فارم OC-400.1])***
- تعطل کے دورانیے
- مستقبل کے طبی علاج کی ذمہ داری
- جب جاری ادائیگیاں رک جائیں گی
- معذوری کے فوائد لین

5. **گریز کرنے کے لیے زبان:** درج ذیل کے حوالے شامل نہ کریں:

- دعوی (دعوے) جو "نا منظور کردہ" ہے یا شرط کے مطابق "نا منظور کردہ" ہے
- اکٹھا نہ کیا ہوا دعوی (دعوے) جسے (جنہیں) بورڈ کی طرف سے کیس نمبر تفویض نہیں کیا گیا
- دس دن کے دستبرداری کے دورانیے کی چھوٹ
- ایسے فرد سے متعلق قابلِ شناخت رازدارانہ معلومات جو معاہدے کا فریق نہیں ہے۔
- جب معاہدہ پابند کرنے والا بن جائے گا

بورڈ ایسے معاہدے کی منظوری نہیں دے گا جس میں کہا گیا ہو گا کہ کوئی دعوی فریقین کی شرط کی رو سے "نا منظور کردہ" ہے کیونکہ یہ زبان بورڈ کی طرف سے دریافت کی طرف اشارہ کرتی ہے، جبکہ یہ معاملہ نہیں ہے۔ اگر کوئی دعوی قائم نہ کیا گیا ہو، تو معاہدہ یہ نشاندہی کر سکتا ہے کہ معاہدے کو مدعی کی طرف سے "دستبردار" قرار دے دیا گیا ہے۔

6. **زیرِ التوا اپیلیں:** اگر سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدے میں شامل کسی کیس کے لیے اپیل زیرِ التوا ہو، تو معاہدے کو نشاندہی کرنی چاہیے کہ اپیل سے دستبردار ہو گئے ہیں یا اسے حل کر لیا گیا ہے۔ بورڈ ایسے دعووں کے لیے سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدوں کی منظوری نہیں دے گا جن کی کوئی نا حل شدہ زیرِ التوا اپیل موجود ہو گی۔

7. **سالانہ وظیفہ:** اگر معاہدہ کسی سالانہ وظیفے کی خریداری کے معاہدے کی بنیاد پر مستقبل کی ادائیگیوں کا حوالہ دیتا ہے تو درج ذیل تمام چیزوں کی وضاحت پر مبنی خلاصہ فراہم کریں: یہ کہ سالانہ وظیفہ کسی ایسے زندگی کے بیمہ کے کیریئر سے خریدا جائے جسے A.M. Best یا Standard & Poor نے "A" یا اس سے بہتر درجہ دیا ہو، سالانہ وظیفے کی مد میں جتنی کُل رقم قابلِ ادائیگی ہو، سالانہ وظیفے کے اخراجات [موجودہ قدر]، جو ادائیگیاں کرنی ہیں ان کا شیڈول، اگر مدعی حتمی ادائیگی سے پہلے وفات پا جاتا ہے تو فراہمی اور ایک بیان کہ اگر باہمی تضاد پیدا ہو تو معاہدے کی شرائط کو سالانہ وظیفے کے معاہدے پر فوقیت حاصل ہو گی۔ سالانہ وظیفے کا معاہدہ فراہم کرنا ضروری نہیں ہے۔

8. **بچوں کی اسپورٹ کا لین:** اگر مدعی کے پاس بچوں کی اسپورٹ کی بقایا لین ہے تو سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدے کو مکمل دائیگی فراہم کرنی چاہیے۔ موزوں اسپورٹ کلیکشن ایجنسی کی طرف سے دستاویزات جو 30 دن سے پرانی نہ ہوں اور جس میں کہا گیا ہو کہ لین کی موجودہ رقم جمع کرائی جائے۔ سیکشن 32 چھوٹ کا کوئی معاہدہ منظور کرنے سے پہلے بورڈ بچوں کی اسپورٹ کے زیرِ التوا فرائض کے حوالے سے تلاش انجام دے گا۔

9. **بچوں کی اسپورٹ کے بقایہ جات:** براہ مہربانی بچوں کی اسپورٹ کے بقایہ جات کے عنوان والا اس فارم کا سیکشن پُر کریں۔

10. **ورلڈ ٹریڈ سینٹر ہیلتھ پروگرام (World Trade Center Health Program, WTCHP) کی طرف سے سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدوں کا جائزہ اور منظوری:** WTC سے متعلق کارکنوں کے معاوضے کے دعووں، جو WTCHP میں قبول کیے گئے ہوں، کے کسی تصفیے کے تمام فریقین پر لاگو ہوتا ہے۔ $10,000 سے متجاوز تصفیے جو میڈیکل کو اوپن نہیں چھوڑتے، ان سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ تصفیے میں WTCHP کے مفادات کی حفاظت کریں اور مستقبل کی طبی خدمات کو کور کرنے کے لیے کافی رقم بچا کر رکھیں۔ بورڈ WTCHP کے موصول کنندگان کو شامل کرتے ہوئے میڈیکل کو اوپن نہ چھوڑنے والے تمام سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدوں سے یہ تقاضا کرتا ہے کہ WTCHP پالیسی لاگو کرے گا کہ وہ WTCHP کے لیے مستقبل کی ادائیگیوں کو حل کریں۔ قومی ادارہ برائے پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت (National Institute for Occupational Safety and Health, NIOSH)، جو WTCHP کا منتظم ہے، کی طرف سے منظوری کے خط کا تقاضا کیا جاتا ہے قبل اس کے کہ میڈیکل کو اوپن نہ چھوڑنے والے سیکشن 32 کے چھوٹ کے کسی معاہدے کی بورڈ منظوری دے۔

11. **دیگر ضروری دستاویزات:** ***فارم C-32*** کے ساتھ درج ذیل دستاویزات جمع کرائیں۔ یقینی بنائیں کہ سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدے میں شامل ہر دعوے کے لیے دستاویزات WCB کیس نمبر کا حوالہ دیں:

- دستخط اور نوٹرائزڈ کردہ ***سیکشن 32 تصفیے کا معاہدہ مدعی کی ریلیز (فارم C-32.1)***
- WCL سیکشن 32 چھوٹ کے معاہدے کے مطابق تصفیہ کردہ ہر معاہدے کے لیے مکمل شدہ ***فارم OC-400***
- اگر اٹارنی کی $1000 سے زیادہ فیس کی درخواست کی گئی ہو، تو مکمل شدہ ***فارم OC-400.1***
- سینٹرز برائے Medicare اور میڈیکل سروسز (Centers for Medicare & Medical Services, CMS) کی طرف سے خط، اگر معاہدہ Medicare کے لیے مخصوص رقم مختص کرنے کی CMS کی منظوری کا حوالہ دیتا ہے
- اگر معاہدہ سالانہ وظیفے کا حوالہ دیتا ہو، تو موجودہ ثبوت کہ سالانہ وظیفہ فراہم کرنے والے بیمے کے کیریئر کو A.M. Best یا Standard & Poor کی طرف سے A کا درجہ دیا گیا ہے
- اگر معاہدہ ایک اہل اسائنمنٹ کا حوالہ دیتا ہو، تو تفویض کرنے والے کی پشت پناہی کرنے والے زندگی کے بیمہ کنندہ کی طرف سے ضمانت کے خط کی نقل
- اگر معاہدہ مدعی کی وفات پر قابلِ ادائیگی وظائف سے متعلق ہو، تو مناسب بینیفیشریز کی نشاندہی کرنے والی دستاویز (دستاویزات)
- قومی ادارہ برائے پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت (NIOSH)، جو WTCHP کا منتظم ہے، کی طرف سے خط، اگر معاہدہ ورلڈ ٹریڈ سینٹر ہیلتھ پروگرام (WTCHP) میں قبول کردہ دعوی کے لیے ہو۔